سوال

(369)یو ٹیوب کا استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : کیا موجودہ صورتحال میں یو ٹیوب کا استعمال درست ہے ، جب کہ گستاخانہ فلم ابھی تک اس پر موجود ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موجودہ صورتحال میں کفار کی حوصلہ شکنی ، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کا اظہار کرتے ہوئے یو ٹیوب کو استعمال کرنا درست نہیں ہے ۔ تاکہ ان کا اقتصادی خسارہ زیادہ سے زیادہ ہو اور وہ دوبارہ ایسی حرکات کرنے سے باز رہیں ۔ کافر کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے ، مسلم ممالک کو چاہیئے کہ وہ یو ٹیوب کے مقابلے میں ایسی ہی کوئی اچھی سے سائٹ لانچ کریں ، جو یو ٹیوب کا مقابلہ کر سکے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1